پڑھیں گی تو کیا یہ غلط ہو گا؟

جواب: کسی شاعر کا کلام پڑھنا ”حکایت کرنا “ کہلاتا ہے۔ یعنی جیسا اس نے کہا ہم نے ویسا بیان کر دیا۔ اب اگر اسلامی بہنیں ”میں مدینے چلا“ پڑھیں گی تو عجیب لگے گا، اس لئے انہیں ”میں مدینے چلی “ پڑھنا چاہیے، لیکن اس کلام میں آگے بھی مردانہ الفاظ آرہے ہیں، یہ کہاں کہاں تبدیلی کریں گی!! بہرحال! ”چلا“ کو ”چلی“ کرنا ضروری ہو گا۔ کیونکہ مؤنّث کے لئے یہی اِستِعمال کیا جاتا ہے۔ اگر ”چلا “ کہیں گی تو اسلامی بہنیں ہنسیں گی اور مذاق کریں گی۔ اس کے علاوہ بہت سے کلام ایسے بھی ہیں جن میں تبدیلی کی ضرورت نہیں پڑتی تو وہ پڑھ سکتی ہیں اور پڑھے بھی جارہے ہوتے ہیں۔ یاد رہے! کسی شاعر کے اشعار اپنے نام پر چڑھالینا کہ ”یہ میں نے لکھے ہیں“ جھوٹ اور خیانت ہے، یہ بہت معیوب سمجھا جاتا ہے اور اسے دینی سرقہ یعنی علمی چوری کہتے ہیں۔ البتہ بعض اوقات ایسا اتفاق بھی ہوتا ہے کہ ایک ہی طرح کا مصرع دو شاعروں نے لکھا ہوتا ہے جسے ادبی یعنی فنی زبان میں ”تَوَارُد “ بولتے ہیں۔ (ملفوظاتِ امیرِ اہلِ سنت، قسط:246)

امیرِ اہلِ سنت کے گجراتی کلام

سوال: آپ نے سب سے پہلے کون سا کلام لکھا تھا؟

جواب: دراصل میں گجراتی میڈیم سے پڑھا ہوا ہوں جس کا اب ہمارے یہاں اتنا چلن نہیں ہے۔ گجراتی اتنی مظلوم ہو چکی ہے کہ جو لوگ خود کہتے ہیں کہ ہم گجراتی ہیں جب میں ان سے گجراتی میں بات کرتا ہوں تو بعض اوقات انہیں تعجب ہوتا ہے کیونکہ وہ بیچارے اس طرح کی گجراتی بولتے ہیں جس طرح بعض لوگ عجیب و غریب اردو بولتے ہیں۔ بہرحال جس طرح اردو ہے اسی طرح گجراتی بھی باقاعدہ ایک زبان ہے اور بہت

www.dawateislami.net

اچھی زبان ہے۔پہلے میں گجراتی کے نعتیہ مشاعروں میں حصہ لیتا تھا اور نعتیہ یا منقبت کے کلام لکھتا تھا۔ (اس موقع پر حاجی عبد الحبیب عطاری نے عرض کی:) آپ اپنا کوئی گجراتی شعر تو سنائیں۔ (امیرِ اہلِ سنّت دامت بَرَکاتُہُمُ العالیہ نے فرمایا:) میں نے وہ اشعار جمع نہیں کیے کیونکہ اُس وقت میرا جمع کرنے کا ذہن نہیں تھا۔ کبھی کبھی یاد کرتا ہوں تو کوئی کوئی شعر یاد آجاتا ہے۔ ایک نعت کا مقطع مجھے یاد آرہا ہے۔

مانگیو چھے عشقِ نبی مانگی نہ دنیا ایٹڑے
مجھ نے عطار سمجھ دار نجر آوے چھے

(یعنی نبی کا عشق مانگا دنیا کی دولت نہیں مانگی۔ مجھے عطار سمجھ دار نظر آتا ہے)

یہ میرا بہت پرانا احساس تھا کہ دنیا کی دولت کے بجائے آقا کی محبت کی فراوانی نصیب ہو جائے اور عشقِ رسول کا ذخیرہ مل جائے۔ (دلوں کی راحت، قسط 8)

فہرس

شاعری کے خواہش مندوں کے لئے مَدَنی پُھول 1
شاعری کا شوق یا شہرت کی ہَوَس! 2
خُدا کی رضا کی چاہت یا داد و تحسین کی تمنّا! 4
گم نام بندوں کی شان و عظمت 5
شاعری کا شوق رکھنا کیسا؟ 6
نعتیہ شاعری کرنا کیسا؟ 8
کیا غیر عالم نعت نہیں لکھ سکتا؟ 9
اعلیٰ حضرت دو کے علاوہ قصداً کسی کا (اردو) کلام نہ سنتے . 9
نعتیہ شاعری ہر ایک کا کام نہیں 10
کس کس کا کلام پڑھنا چاہیے؟ 10
نعتیہ اشعار چیک کروائیے 12
نعت میں لفظ ”تو“ یا ”تیرا“ کہنا کیسا؟ 13
شاعر کے کلام میں تبدیلی کرنا کیسا؟ 14
کیا اسلامی بہنیں نعت کے صیغوں کو بدل سکتی ہیں؟ ... 15
امیرِ اہلِ سنت اور گجراتی شاعری 16

www.dawateislami.net